NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2013

URDU SECOND ADDITIONAL LANGUAGE: PAPER I

Time: 2 hours | 100 marks

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. This question paper consists of 10 pages. Please check that your question paper is complete.
2. Read the questions carefully and follow all instructions.
3. Start each question on a new page. Answer Sections A and B.
4. All answers must be in URDU.
5. Strike out all rough work.
6. Your writing must be neat, clear and legible. Leave a line open between answers.

IEB Copyright © 2013

SECTION A

QUESTION 1 UNSEEN TEXT

سوال نمبر ۱
کہانی پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے

1.1 Read the text and answer the questions.

میری کتاب

پڑھیے : پسند : ورق : گیت
تصویر : رنگ : کہانی

یہ میری کتاب ہے۔ یہ اردو کی پہلی کتاب ہے۔ میری یہ کتاب بہت اچھی ہے۔ اس کا پہلا ورق بہت خوب صورت ہے۔ اس میں بہت سی تصویریں ہیں۔ تصویریں رنگین ہیں۔ لال، ہری، نیلی اور پیلی ہیں۔ مجھے کہانی بہت پسند ہے۔ میری کتاب میں کہانیاں ہیں۔ اور بہت پیارے گیت بھی ہیں۔ میری اس کتاب میں اور بہت سی اچھی اچھی باتیں ہیں۔ مجھے اپنی کتاب بہت پسند ہے۔ اسے میں روز پڑھتا ہوں۔

IEB Copyright © 2013

جواب لکھیئے

۱. یہ کتاب کس کی ہے ؟ (1)

۲. کتاب کا نام کیا ہے ؟ (1)

۳. یہ کتاب میں کیا کیا چیزیں ہیں ؟
تین (۳) چیزوں کے نام لکھیئے ۔ (2)

۴. لڑکے کو کتاب کیوں پسند ہے ؟ (1)

۵. لڑکا کتاب کب پڑھتا ہے ؟ (1)

۶. چار (۴) اردو کتابوں کے نام لکھیئے ۔ (4)

1.2 Write the plurals.

۲. واحد سے جمع میں لکھیئے ۔

۱. لڑکی ________	۵. کرسی ________
۲. عورت ________	۶. بزرگ ________
۳. بات ________	۷. تھالی ________
۴. دکان ________	۸. لفظ ________

(8 ÷ 2 = 4)

1.3 Use the words below in a sentence.

۳. الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے ۔

۱. اسکول ________

۲. خوبصورت ________

۳. آسان ________

۴. میدان ________

(4 ÷ 2 = 2)

1.4 Fill in the blank spaces below.

۴. کا - کی - کو - کے استعمال کیجیے ۔

۱. یہ میری اردو ____ کتاب ہے ۔

۲. ساجد ____ لال ٹوپی کس ____ پاس ہے ۔

۳. دادا ____ گرم پانی دینا ۔ ان ____ بخار ہے ۔ (5)

IEB Copyright © 2013

1.5 Write the opposites.

۵. الفاظ کی ضد لکھیئے۔

۱. نیا ________

۲. جنّت ________

۳. اُوپر ________

۴. اَندر ________

۵. حلال ________

۶. امیر ________

۷. بُرا ________

۸. گرم ________

(8 ÷ 2 = 4)
[25]

QUESTION 2 PICTURE

سوال نمبر ۲ - تصویر

ساما کولیج ۔ ڈربن ۔ کانفرنس ۔ ۲۰ جون ۲۰۱۳ء



جواب لکھیئے۔

۱. کولِج کا نام لکھیئے۔ (1)

۲. یہ کولِج کہاں ہے؟ (1)

۳. کانفرنس کی تارِیخ لکھیئے (1)

۴. کانفرنس میں کیا ہوتا ہے؟ (۶-۸ لائن لکھیئے)۔ (7)

[10]

QUESTION 3 UNSEEN TEXT

سوال نمبر ۳ : کہانی

پڑھیئے اور جواب لکھیئے ۔

اچھّی باتیں

تصویر



اُستاد : ناصر! کیا بات ہے، کل آپ اسکول نہیں آئے تھے؟

ناصر : جناب! میں کل بیمار ہو گیا تھا۔

اُستاد: ناصر! آپ اکثر بیمار رہتے ہیں، کیا بات ہے؟

ناصر : پتا نہیں جناب۔

اُستاد: آپ تن دُرست رہنے کی کوشش کیا کریں۔

ناصر : جناب مجھے تن درست رہنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

استاد: تن دُرست رہنے کے لیے اپنے جسم اور لباس کو صاف رکھو، ہر روز نہاؤ، مسواک یا منجن سے دانت صاف کرو، ناخن نہ بڑھنے دو، گندگی سے دُور رہو۔ گندا رہنے سے بیماری پھیلتی ہے۔ کھانا وقت پر کھاؤ، دُودھ پیو، تازہ پھل کھاؤ اور روز ورزش کرو ۔ تندرستی ہزار نعمت ہے۔

IEB Copyright © 2013

3.1 Supply the correct answers.

جواب لکھئے۔ اچھی باتیں۔

۱۔ اُستاد نے ناصر کو کیا سوال کیا تھا؟
۲۔ ناصر نے کیا جواب دیا تھا؟
۳۔ تندرست رہنے کے لئے اُستاد نے ناصر کو کیا کہا تھا؟
۴۔ دو کھانے کے نام لکھئے۔
۵۔ ہر روز کیا کرنا چاہیئے؟

(5)

3.2 Complete the sentences correctly.

جملے پورے کیجئے:

۱۔ میں کل بیمار ________
۲۔ تندرستی ________
۳۔ ________ کوشش کیا کریں۔
۴۔ ________ بیماری پھیلتی ہے۔
۵۔ کھانا وقت پر کھاؤ اور ________

(5)

3.3 Use each word in a sentence.

الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔

۱۔ بات ________
۲۔ اکثر ________
۳۔ جسم ________
۴۔ لباس ________
۵۔ تندرست ________

(5)

3.4 Paragraph:

تصویر نمبر ۱-۶ کو دیکھیئے اور مضمون لکھیئے
(۸-۱۰ لائن)۔

(10)

[25]

60 marks

IEB Copyright © 2013

SECTION B PRESCRIBED TEXT

QUESTION 1 POETRY

سوال نمبر ۱: نظم

پڑھیئے۔

اچھے بھائی

محسن، طلعت، نورِ الٰہی
آپس میں ہیں تینوں بھائی

پڑھنا لکھنا کام ہے اُن کا
ہشیاروں میں نام ہے اُن کا

وقت پہ کھانا وقت پہ سونا
وقت پہ کھیل سے فارغ ہونا

(line 8) جھوٹ سے نفرت کرتے ہیں وہ
سچی بات پہ مرتے ہیں وہ

گھر والوں کا کہنا مانیں (line 9)
لڑنا بھڑنا وہ کیا جانیں

منہ نہ کبھی بے موقع کھولیں
کوئی پکارے تو "جی" بولیں

چھوٹے بڑے ہیں سب خوش اُن سے
واقف ہیں وہ پیار کے گُن سے

1.1 Answer the following questions.

جواب لکھیئے : اچھے بھائی ۔

۱. تینوں بھائی کے نام لکھیئے ۔
۲. وقت پر تینوں بھائی کیا کیا کرتے ہیں ؟
۳. وہ کس چیز سے نفرت کرتے ہیں ؟
۴. جب کوئی پکارے تو وہ کیا جواب دیتے ہیں ؟

(4)

1.2 Write the meanings of the couplets.

اشعار کی معنیٰ اپنے الفاظ میں لکھیئے ۔

۱. گھر والوں کا کہنا مانیں
لڑنا بھڑنا وہ کیا جانیں

(3) (line 8)

۲. جھوٹ سے نفرت کرتے ہیں وہ
سچی بات پہ مرتے ہیں وہ

(3) (line 9)

1.3 Paragraph writing

اس نظم کا خلاصہ بیان اپنے الفاظ میں لکھیئے ۔
مثلاً : اچھے بھائی کا پڑھنا ۔ لکھنا
وقت پہ سونا ۔ کھانا
جھوٹ سے نفرت کرنا ،
سچی بات ۔۔ وغیرہ ۔

(10)
[20]

IEB Copyright © 2013

QUESTION 2 SHORT STORY

سوال نمبر ۲ : کہانی

پڑھیئے اور جواب لکھیئے۔

صفائی

حامد اَور محمود ایک ہی محلّہ میں رہتے اَور ایک ہی جماعت میں پڑھتے ہَیں۔ حامِد صُبح کو دیر سے اُٹھتا ہے۔ وُہ نہ اَچھّی طرح ہاتھ مُنّہ دھوتا ہے نہ بالوں میں کنگھی کرتا ہے۔ اُس کے کپڑے مَیلے ہوتے ہَیں۔ اُس کی کِتابیں اَور کاپیاں گندی رہتی ہَیں۔ وُہ اکثر بیمار رہتا ہے۔ اسکول بھی پابندی سے نہیں جاتا۔ اُس کے ہم جماعت اُسے دوشت بنانا پسند نہیں کرتے۔

محمود صُبح سویرے اُٹھتا ہے۔ ناشتا کرنے سے پہلے اچھی طرح ہاتھ مُنّہ دھوتا ہے۔ اپنے کپڑے صاف رکھتا ہے۔ اُس کی کِتابیں گندی نہیں ہوتیں۔ وُہ اپنے گھر کی صفائی کا پُورا خیال رکھتا ہے۔ وہ اپنے پڑھنے لِکھنے کا سامان سَلیقے سے رَکھتا ہے۔ وہ اپنے ناخن ہر ہفتے ترشواتا ہے۔ اُس کے دانت صاف اَور چمکیلے ہَیں۔ صاف رہنے کی وجہ سے، اُس کی صِحّت بہت اَچھّی ہے۔ گھر تو گھر سارا محلّہ اُسے پسند کرتا ہے۔ اُستاد بھی اُس کو اَچّھا کہتے ہَیں۔

IEB Copyright © 2013

2.1 Answer the questions. جواب لکھیۓ۔

۱. صبح کو دیر سے کون اُٹھتا ہے؟

۲. محمود کو محلے والے کیوں پسند کرتے ہیں؟

۳. حامد کے کپڑے کیوں میلے رہتے ہیں؟

۴. آپ کو کونسا لڑکا پسند ہے اور کیوں؟

(4)

2.2 Say whether True or False. صحیح یا غلط: جواب لکھیۓ۔

۱. حامد ایک نیک لڑکا ہے۔

۲. ماں گھر کی صفائی کا خیال رکھتی ہے۔

۳. دونوں لڑکے ایک ہی محلے میں رہتے ہیں۔

(3)

2.3 Write a paragraph on each. ایک ایک پر مضمون لکھیۓ۔

۱. حامد اور محمود

۲. اِسکول

(4 × 2 = 8)

2.4 Supply the correct verbs. صحیح افعال لکھیۓ۔

۱. حامد اور محمود دونوں قرآن ______ ہیں۔

۲. تم رات کو جلدی گھر ______

۳. ساجدہ رات کو آرام ______ ہے۔

۴. محمود ناشتا ______ ہے اور پھر اِسکول ______ ہے۔

(5)

[20]

40 marks

Total: 100 marks

IEB Copyright © 2013